## سکولوں میں چاقوؤں کی پالیسی

محترم والدین اور نگران خواتین و حضرات

NSW گورنمنٹ نے حال ہی میں کمیونٹی کے ساتھ مشاورت کی ہے اور سکھ کمیونٹی کے سربراہوں اور صحت و حفاظت کے ماہرین کے ساتھ قریبی کام کرتے ہوئے سکولوں میں چاقوؤں کی پالیسی پر نظر ثانی کی ہے۔

ڈیپارٹمنٹ کمیونٹی کے ان تمام ارکان کا شکرگزار ہے جنہوں نے مشاورت کے دوران اپنی رائے دی اور جنہوں نے ایسے حالات طے کرنے والی نظرثانی شدہ رہنما ہدایات تشکیل دینے میں مدد دی جن میں طالبعلم سکول میں چاقو رکھ سکتا ہے۔

یہ رہنما ہدایات ڈیپارٹمنٹ کے اس عزم کی عکاسی کرتی ہیں کہ ڈیپارٹمنٹ طالبعلموں اور عملے کی صحت اور حفاظت کے لیے ممکنہ خطرات سے انہیں محفوظ رکھنے کے لیے تمام معقول اقدامات کرے گا اور ڈیپارٹمنٹ کے اس عزم کا اظہار ہوتا ہے کہ NSW کی کمیونٹی کے تنوّع کا احترام کیا جائے گا اور غیر قانونی امتیازی سلوک کے ارتکاب سے بچا جائے گا۔

سکولوں میں چاقوؤں پر پابندی اب بھی مؤثر ہے لیکن یہ طالبعلموں کو تب اپنے لباس میں کرپان رکھنے سے نہیں روکتی جب وہ نئی سخت ہدایات کی تعمیل کریں۔ کرپان ایک چاقو نما چیز ہے جو خالصہ سکھ اپنے دینی رکن کے طور پر لباس میں رکھتے ہیں اور یہ ان کے لیے بہت زیادہ مذہبی اہمیت کی حامل ہے۔

خالصہ سکھ طالبعلموں کو لباس میں کرپان رکھنے کی اجازت ملنے کے لیے ضروری ہے کہ کرپان:

- چھوٹی ہو، اس کی کل لمبائی 16.5 سینٹی میٹر (تقریباً 6.5 انچ) یا اس سے کم ہو اور اس میں کوئی تیز دھار یا نوک نہ ہو
- اس کا پھل خول کے اندر بند ہو اور اسے باہر نہ نکالا جا سکتا ہو
- کرپان کو لباس کے نیچے پہنا جائے اور یہ محفوظ طور پر بند ہو یعنی استعمال نہ کی جا سکتی ہو
- جسمانی سرگرمی جیسے کھیل کے لیے کرپان کو اتار کر کسی محفوظ جگہ رکھا جا سکتا ہو یا «جسم کے ساتھ باندھ کر محفوظ کیا جا سکتا ہو»۔

**نوٹ:** «جسم کے ساتھ باندھ کر محفوظ کرنے» کا مطلب یہ ہے کہ کرپان مضبوط کپڑے میں لپٹی ہوئی ہو اور سپورٹس بینڈ یا چمڑے کی بیلٹ کے اندر ہو جو اسے پھسل کر نکل آنے یا اس کے مالک یا کسی دوسرے شخص کو زخمی ہونے سے بچائے رکھے۔

جب معقول طور پر پوچھا جائے تو طالبعلم کو تصدیق کرنی ہو گی کہ ان ہدایات پر عمل کیا جا رہا ہے۔ حفاظت کے بارے میں کسی تشویش پر طالبعلم اور اس کے والدین یا نگرانوں کے ساتھ بات کی جائے گی۔

اگرچہ خالصہ سکھ طالبعلم لباس میں کرپان رکھ سکتے ہیں، انہیں سکول میں کسی مقصد کے لیے کرپان استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

طالبعلموں کو سکول میں اس کے علاوہ کسی طرح کے دوسرے حالات میں چاقو رکھنے کی اجازت نہیں ہے کہ چاقو کو تعلیمی مقاصد کے لیے استعمال کیا جا رہا ہو (جیسے فوڈ ٹیکنالوجی پریکٹیکل کلاس میں)۔

جو طالبعلم سکول کے فوراً بعد TAFE کلاس میں جانے کی وجہ سے سکول میں چاقو لا سکتے ہیں، ان پر لازم ہے کہ وہ دن کے آغاز پر ڈبے یا خول میں بند چاقو سکول آفس میں رکھوائیں اور دن کے اختتام پر چاقو واپس لے لیں۔

نئی ہدایات کے بارے میں مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں https://education.nsw.gov.au/about-us/rights-and-accountability/legal-issues-bulletins/knives-in-schools

مخلص

پرنسپل (Principal)

**ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس**

اگر آپ مزید معلومات لینا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی اپنے سکول کے پرنسپل کو فون کریں۔ اگر آپ کو اپنا سوال پوچھنے کے لیے انٹرپریٹر (زبانی مترجم) کی مدد کی ضرورت ہے تو براہ مہربانی 450 131 پر ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس کو فون کریں اور اپنی زبان کا انٹرپریٹر مانگیں۔ آپریٹر کو وہ نمبر بتائیں جہاں آپ کال کرنا چاہتے ہیں اور آپریٹر بات چیت میں آپ کی مدد کے لیے فون پر انٹرپریٹر فراہم کر دے گا۔ آپ سے اس سروس کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔